نوٹس نیلامی برائے کیفے ٹیریا/ کینٹین اور دوکانات برائے مارٹ۔

نیو جوڈیشل کمپلیکس ، مردان روڈ چارسدہ کے احاطہ میں نئے کیفے ٹیریا / کینٹین اور تین عدد دکانات برائے مارٹ کی نیلامی مورخہ 14.04.2018 بوقت 02:00 بجے دن بمقام جوڈیشل کمپلیکس چارسدہ کے دفتر میں منعقد ہوگی۔

شرائط نیلامی

1 ۔صرف تجربہ کار کنٹریکٹر جو انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس کے محکمہ جات میں لازماً رجسٹرڈ ہوں اور جن کے پاس کیفے ٹیریا/ کینٹین اور مارٹ چلانے کا وسیع تجربہ ہو نیز اس سے متعلق تمام ضروری اور جدید سامان الات مشینری دستیاب ہو بولی میں شامل ہونے کے اہل ہونگے۔

2۔کیفے ٹیریا اور دکانات میں فرنیچر اور تمام سامان کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہوگی۔

3۔ٹھیکہ کی مدت ایک سال ہوگی جو قابل توسیع بشرطیکہ عمدہ کارکردگی وباہمی مشاورت اور کیمٹی کی منظوری سے ہوگی۔

4۔ڈسٹرکٹ کورٹ کے سٹاف/ملازمین کیلئے مارکیٹ کے نسبت سستے داموں اشیاء چائے ،کھانا مہیا کیا جائیگا اس کی تفصیلات ڈسٹرکٹ کورٹ انتظامیہ سے مشاورت کے بعد طے کی جائیگی۔

5۔کیفے ٹیریا کا نرخ نامہ کیفے ٹیریا میں نمایاں جگہ پر اویزاں کیا جائیگا۔

6۔کامیاب بولی دہندہ کو مبلغ دولاکھ روپے بطور ضمانت زیر دستخطی کے دفتر میں جمع کروانا ہوگی، ناکام بولی دہندہ کو موقع پر اور کامیاب بولی دہندہ کو مدت کنٹریکٹ کے اختتام پر قابل واپسی ہوگی۔

7۔ماہوار کرایہ ایڈوانس جمع کرنا ہوگا۔

8۔کیفے ٹیریا اور مارٹ کے اوقات صبح 7 بجے سے شام 6 بجے تک ہوگی۔

9۔مجاز کمیٹی ٹھیکہ کو کسی بھی وقت وجہ بتائے منسوخ کر سکتی ہے۔

10۔کنٹریکٹر کیفے ٹیریا اور مارٹ اور اس سے ملحقہ جگہ کی صفائی کا خود ذمہ دار ہوگا۔ دوران ٹھیکہ متفرق مرمتی بلب پنکھا وغیرہ کا خود ذمہ دار ہوگا۔

11۔کامیاب بولی دہندہ کیفے ٹیریا اور مارٹ کو شکمی کرایہ پر دینے یا Sublet کرنے کا مجاز نہ ہوگا، بصورت دیگر ٹھیکہ خود بخود منسوخ تصور ہوگا۔ جس کی بابت کسی بھی قسم کا قانونی کاروائی کسی بھی عدالت میں نہ کی جائیگی۔

12۔کنٹریکٹر کو حفظان صحت کو اصولوں کا خیال رکھنا ہوگا۔

13۔کنٹریکٹر اور ان کے ملازمین کو احاطہ ضلع کچہری میں مستقل یا عارضی قیام کی اجازت نہ ہوگی۔

14۔گورنمنٹ کے عائد کردہ تمام ٹیکس کی ادائیگی بذمہ کنٹریکٹر ہوگی۔

15۔یوٹیلیٹی بلز بجلی گیس ٹیلی فون وغیرہ کی ادائیگی بذمہ کنٹریکٹر ہوگی۔

16۔کنٹریکٹر اپنے ملازمین کی سیکورٹی کلیرنس مجاز اتھارٹی سے کروانے کا پابند ہوگا۔

17۔کسی کنٹریکٹر یا اسکے ملازمین کسی فوجداری مقدمہ میں ملوث مطلوب نہ ہو۔ پولیس clearance certificate ہونا لازمی ہے۔

18۔کسی کنٹریکٹر یا اسکے ملازمین کا کسی عدالت میں مقدمہ زیر سماعت نہ ہو۔

ڈسٹرکٹ & سیشن جج چارسدہ